سوال

(183) زید نے اپنا مکان مبلغ تین ہزار روپیہ میں فروخت کر دیا۔

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید نے اپنا مکان مبلغ تین ہزار روپیہ میں فروخت کر دیا، اور وہ روپیہ دوسرا مکان خریدنے کے لیے محفوظ رکھا ہوا ہے، آٹھ سال سے روپیہ رکھا ہوا ہے، مکان خریدنے کی بات چیت ہو رہی ہے، کیا اس روپیہ میں زکوۃ فرض ہے یا معاف ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رقم مذکور پر آٹھ سال کی زکوۃ دینی ہوگی، ایک سال گزرتے ہی نقدی پر زکوۃ فرض ہو جاتی ہے، چاہے وہ روپیہ کسی مقصد کے لیے بھی رکھے ہوں، زکوۃ حولان حول پر فرض ہو جاتی ہے۔
(اہل حدیث گزٹ جلد نمبر ۹ شمارہ نمبر ۱۸)
(محمد یونس مدرس مدرسہ حضرت میاں صاحب مرحوم پھاٹک جشن خان دہلی)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 7 ص 298